ہند- یورپی یونین کنیکٹیویٹی کانفرنس

31 مئی 2023

وزارت خارجہ، یورپی یونین کا وفد برائے ہندوستان اور ایشیائی کانفلوئنس(سنگم) مشترکہ طور پر 01 - 02 جون 2023 کو میگھالیہ میں انڈیا – یورپی یونین کنیکٹیویٹی کانفرنس کا انعقاد کر رہے ہیں۔ کانفرنس کا مقصد ہندوستان کی شمال مشرقی ریاستوں اور بھارت کے پڑوسیوں (نیپال، بھوٹان اور بنگلہ دیش) کے ساتھ کنیکٹیویٹی سرمایہ کاری کو بڑھانے کے امکانات کو تلاش کرنا ہے۔

2۔ یہ کانفرنس ہند – یورپی یونین کنیکٹیویٹی پارٹنرشپ کا نتیجہ ہے جو مئی 2021 میں ہند – یورپی یونین لیڈروں کی میٹنگ کے دوران شروع کی گئی تھی۔ کانفرنس تین ستونوں کے ذریعے کنیکٹیویٹی پر توجہ مرکوز کرے گی: ڈیجیٹل، توانائی اور ٹرانسپورٹ جس کا مقصد مشترکہ نفاذ کے لیے ٹھوس منصوبے کی شناخت کرنا ہے۔ ہندوستان کی حال ہی میں ختم ہونے والی وزارتی میٹنگ ہند-یورپی ٹریڈ اینڈ ٹکنالوجی کونسل (TTC) میں بھی اس کی شناخت ایک کلیدی ڈیلیوریبل کے طور پر کی گئی۔

3۔ کانفرنس کا افتتاح میگھالیہ کے وزیراعلیٰ شری کونراڈ کونگکل سنگما اور خارجہ امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر راج کمار رنجن سنگھ کریں گے۔ حکومت ہند، یورپی یونین کمیشن، ہندوستان کی شمال مشرقی ریاستوں کی حکومتوں، نیپال، بھوٹان اور بنگلہ دیش کی حکومتوں اور پرائیویٹ سیکٹر کے اسٹیک ہولڈروں کے سینئر عہدیداروں کی شرکت اور موضوع پر اپنی بصیرت اور خیالات فراہم کرنے کی توقع ہے۔

نئی دہلی

31 مئی 2023